Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 | پیر، 22 دسمبر 2025ء، یکم رجب المرجب 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 253

مریم نواز سے ہائی کمشنر ماریشس کی ملاقات

مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

کلائمیٹ ریزیلنٹ ویژن ایکشن پلان گرین سرمایہ کاری، ماحولیاتی تحفظ کو فروغ دیا جارہا ہے، جنگلات کے تحفظ، سبز نقل و حمل اور گرین توانائی کی طرف بتدریج منتقلی عزم کی عکاسی کرتی ہے

پاکستان اور ماریشس کے درمیان دوطرفہ تجارت میں حوصلہ افزا اضافہ ہوا ہے، پنجاب زرعی پروسیسنگ، ٹیکسٹائل فارماسیوٹیکل اور ویلیو ایڈڈ فوڈ پروڈکٹس میں شاندار مواقع سے بھرپور ہے، مریم نواز



وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے جمہوریہ ماریشس کے ہائی کمشنر منسو کرمباکس ملاقات کررہے ہیں

لاہور (اے ایف پی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے جمہوریہ ماریشس کے ہائی کمشنر انچ ای منسو کرمباکس نے ملاقات کی ہے جس میں مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ماریشس کے سفیر منسو کرمباکس کا پرتپاک خیرمقدم کیا، دوران ملاقات بزنس ٹو بزنس روابط، تجارتی وفود اور نمائشوں کے انعقاد کی اہمیت پر بھی زور دیا گیا۔ مریم نواز شریف (بقیہ نمبر 2 8)

نائب وزیر خارجہ اسحٰق ڈار کا ایرانی ہم منصب سے رابطہ

تجارت، رابطہ کاری اور عوامی روابط کے فروغ کے عزم کا اعادہ

علاقائی امن و ترقی کے لیے قریبی تعاون جاری رکھنے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سید عباس عراقچی کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ ہوا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان اور ایران کے درمیان مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کا جائزہ اور (بقیہ نمبر 2 9)

پاکستان اگلے ماہ چین میں پہلا پانڈا بانڈ جاری کریگا

یہ پیوآن میں نامزد ایک خودمختار بانڈ ہوگا جو چین کی مقامی مالیاتی منڈی میں جاری کیا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اگلے ماہ چنوری میں اپنا پہلا پانڈا بانڈ جاری کرنے کی تیاری کررہا ہے۔ یہ پیوآن میں نامزد ایک خودمختار بانڈ ہوگا جو چین کی مقامی مالیاتی منڈی میں جاری کیا جائے گا۔ یہ اقدام چین کے ساتھ (بقیہ نمبر 3 2)

تعلیم کے نام پر نوجوانوں کا استحصال

دہشت گردوں کی پشت پناہی سے دہشت گرد ہمارے شہریوں اور بچوں کو نشانہ بنا رہے ہیں

دہشت گردوں کے اہل خانہ کو نوجوانوں کے استحصال کے لیے پہاڑی علاقوں میں موجود ٹرسٹ پند عناصر کی آماجگاہوں کا انکشاف

اسلام آباد (این این آئی) دہشت گرد تنظیموں کی جانب سے نوجوان ہوگئیں۔ دہشت گردوں کے اہل خانہ نے نوجوانوں کے ذہنوں کو تھیار بنا کر شرپسندی کی سرمہ سازشیں بے نقاب استحصال کے لیے پہاڑی علاقوں (بقیہ نمبر 3 1)

شدید دھند موٹروے کے مختلف سیکشنز ٹریفک کیلئے بند

دھند کے دوران صبح 10 بجے سے شام 6 بجے تک سفر نسبتاً محفوظ رہتا ہے، ترجمان موٹروے

لاہور (این این آئی) لاہور سمیت پنجاب کے مختلف علاقوں میں شدید دھند کے باعث متعدد موٹروے کو عارضی طور پر بند کردیا گیا ہے۔ ترجمان موٹروے پولیس سنٹرل ریجن سید عمران احمد کے مطابق موٹروے ایم ٹو لاہور سے (بقیہ نمبر 3 0)

پاک بحریہ میں دوسرے پی این ایس خیبر کی شمولیت کی پروقار تقریب، ترکیہ میں منعقد ہوئی جس میں ترک صدر رجب طیب اردوان نے خصوصی شرکت کی

ایف آئی اے نے لیسکو اہلکار کو رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا

لاہور (این این آئی) ایف آئی اے نے لیسکو اہلکار کو رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا۔ ایف آئی اے انٹیگریٹی سرکل لاہور نے بذریعہ کارروائی کرتے (بقیہ نمبر 3 4)

صدر زرداری کی عراقی ہم منصب عبداللطیف جمال راشد سے ملاقات

دوطرفہ تعلقات، باہمی تعاون، علاقائی صورتحال اور عالمی امور پر تبادلہ خیال

بغداد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے عراق کے صدر عبداللطیف جمال راشد سے ملاقات کی۔ صدارتی محل آمد پر صدر ایوان صدر کے پریس پاکستان کے اعزاز میں باضابطہ استقبالی تقریب منعقد کی گئی اور گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔ اتوار کو (بقیہ نمبر 3 3)

افغان طالبان کی پشت پناہی سے دہشت گرد ہمارے شہریوں اور بچوں کو نشانہ بنا رہے ہیں

افغانستان کو فتنہ الخوارج اور پاکستان میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنا ہوگا

فیلڈ مارشل

افغان طالبان کی پشت پناہی سے دہشت گرد ہمارے شہریوں اور بچوں کو نشانہ بنا رہے ہیں کسی بھی اسلامی ریاست میں ریاست کے علاوہ کوئی جہاد کا حکم اور فتویٰ نہیں دے سکتا

اللہ تعالیٰ نے اسلامی ممالک میں سے محافظین حرمین کا شرف پاکستان کو عطا کیا، ریاستِ طیبہ اور ریاستِ پاکستان کا آپس میں ایک گہرا تعلق اور مماثلت ہے، جنرل سید عاصم منیر کا قومی علماء مشائخ کانفرنس سے خطاب

راولپنڈی (این این آئی) چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ افغان طالبان کی پشت پناہی سے دہشت گردی کے ذریعے ہمارے معصوم شہریوں اور بچوں کو نشانہ بنایا جارہا ہے، فتنہ الخوارج جو تحریک طالبان افغانستان سے ساتھوں کے انٹیگریشن پراسیس کا جائزہ لیا، جائزہ لیا۔ حسن نقوی اور طلال چوہدری، انٹیگریشن کا اعتراف کرے اور بیرون ممالک جانے والے مسافروں کے انٹیگریشن کے عمل کے بارے پوچھا۔ وزیراعظم حسن نقوی (بقیہ نمبر 4 8)

آئی ہیں ان میں 70 فیصد افغانی شامل ہیں۔ یہ بات چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے قومی علماء و مشائخ کانفرنس میں ملک بھر سے تمام مکاتب فکر کے علماء اور مشائخ سے مخاطب ہوتے ہوئے کی۔ فیلڈ مارشل نے ملک کو درپیش چیلنجز، دہشتگردی، قومی سلامتی کے امور، اقوام عالم میں پاکستان کے ابھرتے کردار، جنگی تیاریوں اور علم کی (بقیہ نمبر 2 4)

چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر تقریب سے خطاب کررہے ہیں

وزارتِ داخلہ کا دورہ لاہور ایئرپورٹ

کسی کو بلا جواز نہیں روکا جائے گا، محسن نقوی

پیشہ ور بھکاری یا نامکمل دستاویزات پر کسی کو سفر کی اجازت نہیں دی جاسکتی، پاکستان کی بدنامی کا باعث بننے والوں کی جگہ جیل ہے

پاکستان کی عزت اور آپ کی سہولت سب سے زیادہ عزیز ہے، کسی بھی مسافر کو بلا جواز سفر سے نہیں روکا جائے گا، وزیر داخلہ

لاہور: (اے ایف پی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے لاہور ایئرپورٹ کا دورہ کیا اور انٹیگریشن عمل کا جائزہ لیا، جائزہ لیا۔ حسن نقوی اور طلال چوہدری انٹیگریشن پراسیس کا جائزہ لیا، وزیر داخلہ محسن نقوی (بقیہ نمبر 4 8)

ترقی کا ثمرات بلا امتیاز عام آدمی تک پہنچائے جارہے ہیں

مریم نواز بہتر طرز حکمرانی اور عوام دوست نظام پر یقین رکھتی ہیں، سینیٹر ناصر بٹ

گوجرخان (قرشتواد) سینیٹر ناصر بٹ نے کہا ہے کہ وزیراعظم پاکستان میاں نواز شریف، وزیراعظم سہیاں شہباز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی (بقیہ نمبر 4 9)

صدر آصف علی زرداری اور عراق کے صدر ڈاکٹر عبداللطیف جمال راشد بغداد میں گارڈ آف آنر کی تقریب میں

پاک بحریہ میں دوسرے پی این ایس خیبر کی شمولیت

امیر البحر اور ترک ہم منصب شرکت

پاکستان اور ترکیہ میں مثالی برادرانہ تعلقات ہیں، دفاعی شعبہ میں دونوں ممالک میں تعاون بڑھانے کی ضرورت ہے

ایڈمرل نوید اشرف نے استنبول نیول شپ یارڈ میں جہازوں کی منصوبہ بندی، ڈیزائن اور تعمیر میں شراکت کی تعریف کی

راولپنڈی (این ای این) پاک بحریہ میں دوسرے پی این ایس خیبر کی شمولیت کی پروقار تقریب ترکیہ میں منعقد ہوئی جس میں ترک صدر رجب طیب اردوان نے خصوصی شرکت کی شمولیت کی تقریب استنبول کے نیول شپ یارڈ میں ہوئی جس میں پاکستان نے امیر البحر پاک بحریہ میں دوسرے پی این ایس خیبر ایڈمرل نوید اشرف خصوصی (بقیہ نمبر 3 5)

پاک بحریہ کے سربراہ ایڈمرل نوید اشرف ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوگان کو صدر مٹر پیش کررہے ہیں

رجسٹری محرر چکوال موٹر سائیکل پر تلہ گنگ جاتے، گاڑی کی ٹکر سے جاں بحق

چکوال (این این آئی) رجسٹری محرر چکوال پر موٹر سائیکل چکوال سے تلہ گنگ جاتے ہوئے نامعلوم گاڑی کی ٹکر سے موقع پر جاں بحق ہوگیا۔ 32 سالہ نوجوان چکوال میں نائب رجسٹری محرر تعینات تھا اور خوشہ کے روز شام کو اپنی ڈیوٹی ختم کرکے واپس گھر جارہا تھا کہ تیز رفتار نامعلوم گاڑی نے ٹکر مار کر ہلاک (بقیہ نمبر 36)

رجب طیب اردوان نے خصوصی شرکت کی

پاکستان کے اعزاز میں باضابطہ استقبالی تقریب منعقد کی گئی اور گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔ اتوار کو ایوان صدر کے پریس (بقیہ نمبر 3 3)

صنوبر کیلئے پروبیشن اینڈ پیرول افسران کی تقرری کا نوٹیفکیشن جاری

ترجمان کے مطابق خلیل الرحمٰن کو پروبیشن آفیسر اور ماہنور دختر عرفان کو پروبیشن آفیسر سیالکوٹ تعینات کیا گیا ہے

انوشہ فیروز کو پروبیشن آفیسر منڈی بہاؤالدین، مصباح پروین پیرول آفیسر راولپنڈی ڈویژن تعینات کیا گیا ہے

تعینات کیا گیا ہے۔ اسی طرح انوشہ فیروز کو پروبیشن آفیسر بارہ دوال، شہریار پروبیشن آفیسر منڈی بہاؤالدین، مصباح پروین پروبیشن آفیسر راولپنڈی ڈویژن، رومانہ نظیم پروبیشن آفیسر راجن پور، محمد ارسلان پروبیشن آفیسر رحیم یار خان، اقرا اسمٰعیل پروبیشن آفیسر اٹک، ارشد علی (بقیہ نمبر 3 3)

راولپنڈی، گرجا گھروں کی سیکیورٹی کے لئے پولیس افسران الرٹ، ڈیوٹی ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں

ون فائیو انچارج خلیل لغاری کی مثالی قیادت، کنڈ حکومت میں قانون کی بالادستی

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کنڈ حکومت شہر میں قانون کی بالادستی، ون فائیو انچارج خلیل لغاری کی مثالی قیادت، کنڈ حکومت شہر میں امن و امان کے قیام، جرائم کی بیخ کنی اور عوام کے تحفظ کے لیے ون فائیو انچارج خلیل لغاری کی خدمات قابل تحسین اور مثالی قرار دی جارہی ہیں۔ اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، (بقیہ نمبر 5 0)

ڈاکٹر شہباز کی بازیابی کیلئے احتجاج، پولیس کی کارکردگی پر سوالات

کنڈ حکومت میں امن و امان کی صورتحال تشویشناک ہوتی جارہی ہے، شرکاء

کنڈ حکومت (علی نواز شیخ) کنڈ حکومت کے رہنماؤں کی جانب سے ڈاکٹر شہباز کی سیف اغوا کے خلاف (بقیہ نمبر 5 1) میں کوہستہ برادری اور مختلف سیاسی و سماجی تنظیموں

کیڈٹ کالج ورسک میں یوم والدین کی پروقار تقریب

کور کمانڈر ریٹائرڈ تقریب کے مہمان خصوصی تھے، کیڈٹس کے چاک و چوبند دستے نے مہمان خصوصی کو سلامی پیش کی

مہمان خصوصی نے نصابی اور غیر نصابی سرگرمیوں میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے کیڈٹس میں انعامات اور ٹرافیاں تقسیم کیں

پشاور (اے ایف پی) کیڈٹ کالج ورسک میں یوم والدین کی پروقار تقریب ہوئی جس میں بڑی دستے نے مہمان خصوصی کو سلامی پیش کی، انہوں نے نصابی اور غیر نصابی (بقیہ نمبر 3 7)

تلہ گنگ پولیس کی کارروائیاں، دو منشیات فروش گرفتار

چکوال (این این آئی) انتظامیہ تلہ گنگ پولیس نے دو منشیات فروشوں کو گرفتار کرلیا۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال کاشف ذوالفقار (پی ایس پی) کی زیر نگرانی ایس ڈی پی او تلہ گنگ سرکل عبدالعزیز، ایس ایچ او تھانہ تلہ گنگ سب انسپکٹر عدیل صفدر سب انسپکٹر (بقیہ نمبر 38)

راولپنڈی پولیس کی کارروائیاں، 14 افراد گرفتار، منشیات اسلحہ برآمد کرلیا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 4 افراد کو زیر حراست میں لے کر 7 کلو سے زائد چرس 2 کلو سے زائد چرس 5 ویلیز سے زائد شراب اور اسلحہ برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 14 افراد کو زیر حراست میں لے کر 7 کلو سے زائد چرس 5 ویلیز سے زائد شراب اور اسلحہ برآمد کرلیا (بقیہ نمبر 3 9)

ڈاکوؤں کے ٹھکانوں سے رائفل لانچر، اینٹی ایئر کرافٹ گنز اور آر پی جی برآمد ہوئے

آپریشن کے دوران ڈاکوؤں کے 17 ٹھکانوں کو تباہ کیا گیا، ڈی پی او راجن پور

راجن (این این آئی) راجن پور میں پولیس نے گزشتہ رات ڈاکوؤں کے خلاف آپریشن کے دوران 17 ٹھکانوں کو تباہ کیا۔ ڈی پی او راجن پور محمد عمران نے بتایا کہ کچے میں سندھ اور پنجاب پولیس کا مشترکہ آپریشن کیا گیا، گزشتہ رات 5 مطلوبی بازیاب کرائے گئے، جن میں ڈاکو اور ڈسپنسر بھی شامل تھے۔ انہوں نے بتایا کہ آپریشن کے دوران ڈاکوؤں کے (بقیہ نمبر 4 4)

کچے میں آپریشن، ڈاکوؤں کے سہولت کار ڈاکٹر اور ڈسپنسر گرفتار

ملازمین کیلئے خوشخبری پنشن اور تنخواہ ایک ساتھ لینے پر پابندی ختم

نوٹیفکیشن کے مطابق ریٹائرمنٹ کے بعد دوبارہ ملازمت پر پنشن اور تنخواہ ایک ساتھ لینے کی اجازت دیدی گئی

سابقہ نوٹیفکیشن منسوخ، پرانا نظام دوبارہ نافذ، تجربہ کار سرکاری افسران کی کمی سے متعلق مشکلات کے باعث فیصلہ کیا گیا

لاہور (اے ایف پی) پاکستان میں پنشن اصلاحات سے متعلق بڑا تھکتوی پڑن، پنشن اور تنخواہ ایک ساتھ لینے پر عائد پابندی ختم کردی گئی۔ وزارت خزانہ نے (بقیہ نمبر 5 2) 19 جون 2025 کو جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق ریٹائرمنٹ کے بعد دوبارہ ملازمت پر پنشن اور تنخواہ ایک ساتھ لینے کی اجازت دیدی گئی، پنشن کیسز میں 22 اپریل اور 19 جون 2025 کے آفس میمورنڈم فوری طور پر ختم کردیا گیا۔ وزارت خزانہ نے (بقیہ نمبر 5 2)

راولپنڈی پولیس نے گرجا گھروں کی سیکورٹی کیلئے انتظامات مکمل کرلئے

پولیس کے 400 سے زائد افسران و جوان سیکورٹی کے فرائض سرانجام دینگے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لیے موثر انتظامات مکمل کرلئے گئے، راولپنڈی پولیس کے 400 سے زائد افسران و جوان سیکورٹی کے فرائض سرانجام دینگے۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لیے موثر انتظامات کیے گئے، راولپنڈی پولیس کے (بقیہ نمبر 5 4)

کشور پولیس کی کارروائی، فیصل آباد کے رہائشی کو اغوا ہونے سے بچالیا

کشور (سید رشید احمد شاہ)، کشور پولیس کی بروقت کارروائی، فیصل آباد کے رہائشی کو اغوا ہونے سے بچالیا، کشور پولیس نے بروقت اور کامیاب کارروائی کرتے ہوئے فیصل آباد کے رہائشی ایک شخص کو اغوا (بقیہ نمبر 5 3)

زومل ایس پیز کا مختلف گرجا گھروں، ڈیوٹی پوائنٹس کا دورہ

پولیس افسران و جوانوں سے ملاقات، سیکورٹی انتظامات کو مزید بہتر بنانے کی ہدایات

اسلام آباد (این این آئی) زومل ایس پیز نے شہر کے مختلف گرجا گھروں اور ڈیوٹی پوائنٹس کا دورہ کیا، ماتحت پولیس موجود پولیس افسران و جوانوں سے ملاقات کی اور سیکورٹی انتظامات کو مزید بہتر بنانے کیلئے ہدایات جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق اسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس نے (بقیہ نمبر 4 0)

نشیبی علاقوں میں ڈسپنسر پوائنٹس پر عملہ ہمہ وقت الرٹ رہا

موسم سرما میں بارش اور برفباری کے دوران شہریوں اور سیاحوں کو صاف، محفوظ اور صحت مند ماحول فراہم کیا جائے

راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی نے ہنگامی بنیادوں پر صفائی آپریشن کے ساتھ ساتھ آگاہی مہم بھی شروع کردی

راولپنڈی (مرسی) (نمائندہ عوامی للکار) راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی نے سرد یوں کی پہلی بارش اور مری میں برفباری کے موقع پر ہنگامی بنیادوں پر کمرہ کام کے چائے اور ہاٹ ڈرنکس کی تقسیم کی گئی۔ ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ریٹائرڈ) محمد عثمان طاہر کی زیر صدارت اجلاس جس میں کامکا کے یوم ولادت اور کرسمس کے موقع پر

اسلام آباد، ڈی آئی جی سیکورٹی محمد عتیق طاہر کی زیر صدارت اجلاس

یوم ولادت قائداعظمؒ، کرسمس پر سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) ڈی آئی جی سیکورٹی محمد عتیق طاہر کی زیر صدارت اجلاس جس میں قائداعظمؒ کے یوم ولادت اور کرسمس کے موقع پر

اسلام آباد پولیس کا کراچی کمپنی کی حدود میں گرینڈ سرچ آپریشن

10 مشتبہ افراد تصدیق اور قانونی کارروائی کے لیے تھانے منتقل

اسلام آباد (اے ایف پی) اسلام آباد کیپٹل سٹی پولیس نے جرائم کی روک تھام اور عوامی تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے کراچی کمپنی کے مختلف علاقوں (بقیہ نمبر 4 7)

اسلام آباد، ایس پی سواں زون خرم اشرف گرجا گھر کی سیکورٹی کا جائزہ لے رہے ہیں



اسلام آباد کی ڈی اے کی جانب سے اقبال لائبریری اور پراجیکٹ کے اردگرد پودے لگائے جارہے ہیں

اٹلر 19 ایئرکراپ کے ٹائل میں بھارت کا شکست دینے کے بعد پاکستانی کپتان بیٹر بن ایلی کیس تھوی سے ادائی وصول کررہا ہے

منشیات فروشی کے خلاف مشترکہ حکمت عملی پر اتفاق

پنجاب پولیس اور سی این ایف کا بڑے ڈرگ ڈیلرز کے خلاف مشترکہ کریک ڈاؤن تیز کرنے کا فیصلہ

پنجاب پولیس اور کانٹر نارکوٹکس فورس منشیات کے سمگلرز کی گرفتاری کیلئے انفارمیشن اور ڈیٹا شیئرنگ کو فروغ دیں گے

لاہور (این این آئی) اسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے ڈائریکٹر جنرل کانٹر نارکوٹکس فورس پنجاب، بریگیڈیئر مظہر اقبال نے وفد کے ہمراہ سنٹرل پولیس آفس میں ملاقات کی۔ وفد میں ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل سی این ایف لیفٹیننٹ کرنل مرفراز خان، ڈائریکٹر آصف شیخ، تھے جبکہ ایڈیشنل آئی جی آپریشنز پنجاب محمد علی نکلکا اور اے آئی جی آپریشنز پنجاب زاہد نواز مروت ملاقات میں موجود تھے۔ ملاقات میں صوبہ بھر میں منشیات فروشی کے سدباب، بڑے ڈرگ ڈیلرز کے خلاف کارروائی اور باہمی رابطہ کے دیگر امور پر تفصیلی جائزہ (بقیہ نمبر 55)

ایس ڈی پی او شہزاد ٹاؤن سرکل انعام خان گرجا گھر کی سیکورٹی کا جائزہ لے رہے ہیں

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Lalkaar Rawalpindi
ABC عوام کی بے ساختہ للکار
MEMBER WUOJ
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

فورسز کے کیمپ پر بارودی گاڑی سے حملہ

شمالی وزیرستان میں بھارتی حمایت یافتہ فتنہ الخوارج کی جانب سے فورسز کے کیمپ پر بزدلانہ حملہ کیا گیا، جسے سیکورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ناکام بنا دیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق بھرپور جوابی کارروائی میں چار خوارج کو ہلاک کر دیا گیا، تاہم فائرنگ کے تبادلے میں وطن کے چار بہادر جوان جامِ شہادت نوش کر گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق دہشت گردوں نے شمالی وزیرستان کے علاقے بویا میں واقع فورسز کے کیمپ پر حملے کی کوشش کی اور سکیورٹی حصار توڑنے کا ارادہ کیا۔ فورسز نے فوری ردعمل دیتے ہوئے ان کے ناپاک عزائم ناکام بنا دیے۔ ناکامی کے بعد حملہ آوروں نے بارود سے بھری گاڑی کیمپ کی بیرونی حفاظتی دیوار سے ٹکرا دی، جس کے نتیجے میں دیوار منہدم ہوگئی۔ دھماکے سے قریبی شہری املاک اور ایک مسجد کو شدید نقصان پہنچا جبکہ معصوم بچوں اور خواتین سمیت پندرہ مقامی شہری زخمی ہوگئے۔ یہ امر قابلِ اطمینان ہے کہ سکیورٹی فورسز کی بروقت جوابی کارروائی کے باعث ایک بڑے جانی نقصان سے بچاؤ ممکن ہوا، تاہم اس حقیقت کو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا کہ بارودی گاڑی کا فورسز کے کیمپ تک پہنچ جانا سکیورٹی نظام میں کسی نہ کسی درجے کی کمزوری کی نشاندہی کرتا ہے۔ سکیورٹی فورسز مسلسل برسرِ پیکار ہیں اور اپنی جانوں کے نذرانے پیش کر رہی ہیں، اس کے باوجود دہشت گرد بعض مواقع پر سکیورٹی نظام میں موجود خلا سے فائدہ اٹھانے میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔ دہشت گردوں کے خلاف آپریشن جاری رکھنے کے ساتھ ساتھ سکیورٹی نظام کا ازسرِ نو جائزہ لینا گزیر ہو چکا ہے۔

پاکستان میں دہشت گردی میں بھارت کے ملوث ہونے کے حوالے سے اب کوئی ابہام باقی نہیں رہا۔ عالمی سطح پر مسلسل ناکامیوں کے بعد بھارت پاکستان کے خلاف اپنی پراکسی سرگرمیوں میں تیزی لا رہا ہے۔ سنی میں پاکستان کی جانب سے بھارتی جارحیت کے موثر جواب کے زخم بھارت آج تک فراموش نہیں کر سکا۔ سڈنی میں ہونے والی دہشت گردی کا الزام پاکستان پر ڈالنے کی کوشش بھی اس وقت ناکام ہوگئی جب یہ ثابت ہوا کہ ساجد اکرم بنیادی طور پر بھارتی شہری تھا۔ ان عالمی ناکامیوں کے نتیجے میں بھارت نے پاکستان کے خلاف مختلف پراکسی عناصر کو مزید متحرک کر دیا ہے، جن میں افغان طالبان حکومت کے زیرِ سایہ عناصر، بلوچ علیحدگی پسند اور ٹی ٹی پی کے خوارج شامل ہیں۔ پاکستان کی جانب سے افغانستان کے ساتھ احتجاج سفارتی اصولوں کے عین مطابق اور بروقت اقدام ہے، تاہم اگر افغان سرزمین سے دہشت گردی کا سلسلہ نہ رکا تو پاکستان اپنی سالمیت اور عوام کے تحفظ کے لیے دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو نشانہ بنانے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

بااختیار عورت روشن مستقبل کی ضمانت

تحریر: آمنہ پروین

خواتین کے بااختیار ہونے کا بنیادی تصور معاشرتی معاشی اور سیاسی زندگی میں عورت کے کردار کو مضبوط بنانے اور اسے مساوی مواقع فراہم کرنے سے وابستہ ہے۔ یہ محض نعروں یا حقوق کی بات نہیں۔ بلکہ ایک ایسے متوازن معاشرے کی تعمیر کا نام ہے جہاں عورت اپنی صلاحیتوں کے بل بوتے پر اپنے اپنے خاندان اور ملک کی ترقی میں بھرپور حصہ لے سکے۔ اس کا مقصد عورت کو اس کا جائز مقام دلانا ہے۔ نہ کہ مردوں کے مقابلے میں کھڑا کرنا۔ یہ ایک ایسی تحریک ہے جو انسانی حقوق مساوات اور انصاف پر یقین رکھتی ہے۔ تاریخ کے صفحات پلٹ کر دیکھیں تو عورت کو ہمیشہ سے ہی محدود دائروں میں مقید رکھا گیا۔ اس کا بنیادی کردار گھر کی چار دیواری تک سمجھا جاتا تھا۔ جہاں وہ بیٹی بہن بیوی اور ماں کے فرائض ہی نبھاتی تھی۔ اگرچہ یہ کردار انتہائی قابل احترام اور معاشرے کی بنیاد ہیں۔ لیکن اس کے باوجود اسے تعلیم وراثت سیاسی شرکت اور معاشی خودمختاری جیسے بنیادی حقوق سے محروم رکھا گیا۔ ہر معاشرے میں اس کی حدود مختلف تھیں لیکن بیشتر جگہوں پر اسے مرد کے مقابلے میں کم تر سمجھا جاتا تھا اور اس کی رائے کو اہمیت نہیں دی جاتی تھی۔ انیسویں اور بیسویں صدی میں خواتین کے حقوق کی عالمی تحریکوں نے زور پکڑا۔ خواتین کے ووٹ کا حق تعلیم کا حق اور کام کرنے کے حق کے لیے آواز بلند کی۔ ان تحریکوں نے نہ صرف مغربی ممالک بلکہ دنیا بھر میں عورت کی سوچ کو بدل بخشی۔ عالمی سطح پر ہونے والی کانفرنسوں معاہدوں اور قراردادوں نے خواتین کے مسائل کو اجاگر کیا اور حکومتوں پر ان کے حل کے لیے دباؤ بڑھایا۔ اقوام متحدہ جیسے عالمی اداروں نے خواتین کی بااختیاری کو ترقیاتی اہداف کا حصہ بنایا جس سے اس مقصد کو بین الاقوامی پذیرائی حاصل ہوئی۔ عورت کی بااختیاری کی سب سے مضبوط بنیاد تعلیم ہے۔ ایک تعلیم یافتہ عورت نہ صرف اپنے حقوق سے آگاہ ہوتی ہے بلکہ معاشرے میں اپنا کردار بہتر طریقے سے ادا کر سکتی ہے۔ وہ اپنے بچوں کی بہتر پرورش کرتی ہے۔ خاندانی منصوبہ بندی کے فیصلوں میں حصہ لیتی ہے۔ اور صحت وصفائی کے معاملات کو سمجھتی ہے۔ تعلیم اسے روزگار کے مواقع فراہم کر کے معاشی طور پر خودمختار بناتی ہے۔ ماضی میں لڑکیوں کی تعلیم کو غیر ضروری سمجھا جاتا تھا لیکن اب یہ حقیقت واضح ہو چکی ہے کہ کسی قوم کی ترقی اس وقت تک ممکن نہیں جب تک اس کی آدھی آبادی تعلیم کے زیور سے آراستہ نہ ہو۔ معاشی خودمختاری عورت کو گھر میں فیصلہ سازی کے عمل میں کلیدی کردار ادا کرنے کا موقع دیتی ہے۔ جب عورت خود کما کر اپنے تو اس کے خود اعتمادی میں اضافہ ہوتا ہے اور خاندان اور معاشرے میں اس کی عزت بڑھتی ہے۔ وہ نہ صرف اپنی ضروریات پوری کر سکتی ہے بلکہ خاندان کی معاشی حالت بہتر بنانے میں بھی معاون ثابت ہوتی ہے۔ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار ہنرمندی کے پروگرام اور روزگار کے نئے مواقع عورت کو معاشی طور پر مستحکم کرتے ہیں۔ ایک معاشی طور پر مستحکم عورت احتجاج کے خلاف بھی زیادہ بہتر طریقے سے آواز اٹھا سکتی ہے۔ عورت کی بااختیاری کا مطلب مردوں کے خلاف جنگ نہیں ہے۔ درحقیقت اس مقصد کو حاصل کرنے کے لیے مردوں کی حمایت اور شراکت نہایت ضروری ہے۔ ایک باشعور مرد اپنی بیٹی بہن بیوی اور ماں کے صلاحیتوں کو پہچانتا ہے اور اسے پروان چڑھنے کا موقع دیتا ہے۔ خاندان اور معاشرے میں مردوں کی مثبت سوچ عورت کے سفر کو آسان بنا سکتی ہے۔ لہٰذا اس تحریک میں مردوں کو شامل کرنا اور انہیں اس کا حصہ بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اکثر مذہب اور ثقافت کو عورت کے حقوق کی راہ میں رکاوٹ قرار دیا جاتا ہے۔ جبکہ حقیقت اس کے برعکس ہے۔ اسلام سمیت تمام بڑے مذاہب نے عورت کو عزت واحترام دیا ہے اور اس کے حقوق متعین کیے ہیں۔ مستند روایات کی دو کڑیں ہیں جو وقت کے ساتھ مذہبی تعلیمات میں شامل ہوگئیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ عورت کے حقوق کو مذہبی تعلیمات کی روشنی میں سمجھا جائے اور انہیں ثقافتی تعصبات سے پاک کر کے پیش کیا جائے۔ شہری علاقوں کے مقابلے میں دیہی خواتین کی حالت زیادہ دگرگوں ہے۔ انہیں تعلیم صحت اور روزگار کے بہت کم مواقع میسر ہیں۔ وہ زیادہ تر روایتی کاموں میں مصروف ہیں اور ان کی محنت کو ایک نظرانداز کر دیا جاتا ہے۔ دیہی خواتین کی بااختیاری کے لیے بائیگرو فنڈس ہنرمندی کی تربیت اور بنیادی سہولیات تک ان کی رسائی کو یقینی بنانا ہوگا۔ انہیں معاشی دھارے میں شامل کر کے نہ صرف ان کی بلکہ پورے دیہی معیشت کی حالت بہتر بنائی جا سکتی ہے۔ خواتین کی بااختیاری اور امتیازی سلوک کے خاتمے کے بغیر عورت کے خود اعتمادی اور نفسیاتی صحت پر گہرے اثرات مرتب کیے ہیں۔ بہت سی خواتین امیڈ سینڈروم کا شکار ہیں جہاں وہ اپنی کامیابیوں کو خوشی کے بجائے شک کی نظر سے دیکھتی ہیں۔ انہیں لگتا ہے کہ وہ اس قابل نہیں ہیں۔ بااختیاری کے سفر میں عورت کے اندر موجود کردار اور احساس کمتری کو دور کرنا نہایت ضروری ہے۔ اس کے لیے شعور تعلیم وتربیت کو چنگ اور میٹرشپ پروگراموں کی ضرورت ہے۔ ڈیجیٹل دور میں ٹیکنالوجی تک رسائی بھی بااختیاری کا ایک اہم ذریعہ بن چکی ہے۔ انٹرنیٹ اور سمارٹ فونز کے ذریعے عورت علم و معلومات حاصل کر سکتی ہے۔ آن لائن کاروبار شروع کر سکتی ہے۔ گھریلو تشدد جیسی ہراسانی، جبر کے لیے ہونے والی اذیتیں اور ان عمری کی خاموش عورت کی ترقی کے راستے روکتی ہیں۔ اس لعنت کے خلاف آواز بلند کرنا معاشرہ خواتین کے لیے تحفظ اور انصاف کے نظام کو مضبوط بنانا نہایت ضروری ہے۔ معاشرے کو اس بات کی تربیت دینا ہوگی کہ تشدد کسی بھی شکل میں قابل قبول نہیں ہے۔ پاکستان کے حوالے سے دیکھا جائے تو یہاں خواتین کے حقوق کے لیے کام جاری ہے۔ قومی وصوبائی اسمبلیوں میں خواتین کی مخصوص نشستیں خواتین کی پولیس فورس اور خواتین کے لیے بائیگرو فنڈس کے پروگرام قابل ذکر ہیں۔ لیکن ابھی تک دیہی علاقوں اور پسماندہ طبقوں تک ان کی رسائی محدود ہے۔ خواتین کی بااختیاری کے سفر میں ابھی بہت سے چیلنجز درپیش ہیں۔ گہرے ہوتے ہوئے سماجی تعصبات وسائل تک نامساوی رسائی اور معاشی تفاوت۔ تمام مواقع بھی کم نہیں نے دنیا کو ایک گلوبل ویلج بنا دیا ہے۔ اور عالمی برادری اس مقصد کے حصول کے لیے پرعزم ہے۔ مستقبل میں صنفی مساوات پر زیادہ زور تعلیم میں سرمایہ کاری اور خواتین کی قیادت کو فروغ دینے کی ضرورت ہوگی۔ خواتین کی بااختیاری کوئی انتخاب نہیں بلکہ ترقی کی شرط ہے۔

اہل قلم کے لیے بین الصوبائی اقامتی منصوبہ

گلشن چمن
03337702771
ماہنامہ محمدیہ
m.siddiqmadani@gmail.com

اکادمی ادبیات پاکستان کا اہل قلم کے لیے بین الصوبائی اقامتی منصوبہ ایک ایسا باہمتی اور دور رس اثرات کا حامل ادبی اقدام ہے جو نہ صرف ملک کے مختلف خطوں میں بکھری ہوئی تخلیقی صلاحیتوں کو یکجا کرنے کی سنجیدہ کوشش ہے بلکہ ان لکھنے والوں کے لیے امید، حوصلے اور شناخت کا ذریعہ بھی بن رہا ہے جو جغرافیائی دوری یا محدود وسائل کے باعث ادبی مرکز سے دور رہے ہیں۔ یہ منصوبہ محض ایک رسمی سرگرمی نہیں بلکہ خالص تخلیقی تجربے پر مبنی ایسا عمل ہے جو ادب کو اس کی اصل روح کے ساتھ آگے بڑھانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ ادب کی تخلیق کے لیے یکسوئی، وقت اور فکری آزادی بنیادی عناصر ہیں۔ روزمرہ زندگی کی مصروفیات، معاشی دباؤ اور سماجی ذمہ داریاں اکثر ادیب کو اس فضا سے محروم کر دیتی ہیں جس میں وہ پوری توجہ کے ساتھ تخلیقی عمل میں مشغول ہو سکے۔ بین الصوبائی اقامتی منصوبہ اس خلا کو پُر کرتا ہے کرتا ہے جہاں وہ خود کو مکمل طور پر تحریر، مطالعے اور تخلیقی سوچ کے لیے وقف کر سکتے ہیں۔ یہی وقت کئی بار ایسے افسانوں، نظموں، ناولوں اور سموداتِ کو جنم دیتا ہے جو آگے چل کر قومی ادب کا قیمتی سرمایہ بنتے ہیں۔ اس منصوبے کی ایک نمایاں خوبی یہ ہے کہ اس میں لسانی، علاقائی اور ثقافتی تنوع کو بطور قوت دیکھا گیا ہے۔ مختلف صوبوں اور زبانوں سے تعلق رکھنے والے ادیب جب ایک جگہ قیام کرتے ہیں تو ان کے درمیان صرف تعارف نہیں ہوتا بلکہ تجربات، دکھ سکھ اور تہذیبی شعور کا گہرا تبادلہ ہوتا ہے۔ یہ باہمی تعامل جذبات رفتہ رفتہ فکری ہم آہنگی میں ڈھل جاتا ہے اور وہ ادبی رشتے تشکیل پاتے ہیں جو محض پروگرام کی مدت تک محدود نہیں رہتے بلکہ طویل عرصے تک قائم رہتے ہیں۔ یہ حقیقت بھی قابلِ تحسین ہے کہ اس منصوبے میں مرکزی شہروں سے دور رہنے والے ادیبوں کو ترجیح دی جاتی ہے۔ پاکستان میں ادبی سرگرمیوں کا بڑا حصہ چند بڑے شہروں تک محدود رہا ہے جس کے باعث دور دراز علاقوں میں موجود باصلاحیت لکھنے والے اکثر پس منظر میں چلے جاتے ہیں۔ بین الصوبائی اقامتی منصوبہ اس عدم توازن کو کم کرنے کی ایک خلصانہ کوشش ہے اور ان آوازوں کو سامنے لانے کا ذریعہ بنتا ہے جو اب تک نظرانداز ہوتی رہی ہیں۔ اس سے نہ صرف انفرادی سطح پر ادیب کو اعتماد ملتا ہے بلکہ مجموعی طور پر قومی ادب کا دائرہ بھی وسیع ہوتا ہے۔ یہ پروگرام کسی تربیتی یا لیکچر پر مبنی سرگرمی کے بجائے تخلیقی آزادی کو ترجیح دیتا ہے جو اس کی اصل طاقت ہے۔ ادیبوں کو کسی مخصوص فکری سانچے میں ڈھالنے کی کوشش نہیں کی جاتی بلکہ انہیں اپنے تخلیقی عمل کو تجربہ کرنے کا اختیار دیا جاتا ہے۔ غیر رسمی نشستیں، باہمی گفتگو اور روزمرہ میل جول وہ فضا تعمیر کرتے ہیں جہاں خیالات قدرتی طور پر نمو پاتے ہیں اور ادب ایک زندہ تجربے کی صورت سامنے آجاتا ہے۔ اقلیتوں اور خصوصی افراد کی نمائندگی کو یقینی بنانا بھی اس منصوبے کا ایک مثبت اور قابلِ قدر پہلو ہے۔ ادب تبھی مکمل اور سچا ہو سکتا ہے جب اس میں معاشرے کے تمام طبقات کی آواز شامل ہو۔ یہ شمولیت نہ صرف ادبی تنوع کو فروغ دیتی ہے بلکہ سماجی ہم آہنگی کے عمل کو بھی مضبوط بناتی ہے۔

شہشاہ رائٹرز فورم بلوچستان جو بلوچستان میں ایک ادبی اور صحافتی معروف تنظیم ہے، نے اکادمی ادبیات پاکستان کے اس بصیرت افروز اور بامقصد اقدام کو دل کی گہرائیوں سے خراج تحسین پیش کرتا ہے۔ بلوچستان جیسے خطے سے تعلق رکھنے والے لکھنے والوں کے لیے، جہاں وسائل اور مواقع نسبتاً محدود ہیں ایسا بین الصوبائی اقامتی منصوبہ ایک نعمت سے کم نہیں۔ یہ پروگرام ان ادیبوں کو قومی سطح پر متعارف کرانے، ان کی تخلیقی صلاحیتوں کو نکھارنے اور انہیں ادبی دھارے میں باوقار مقام دلانے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے۔ شہشاہ رائٹرز فورم اس بات پر زور دیتے ہے کہ اس نوعیت کے پروگرام نہ صرف جاری رہنے چاہئیں بلکہ مستقبل میں ان کا دائرہ مزید وسیع کیا جانا چاہیے تاکہ ملک کے ہر کونے میں موجود تخلیقی آواز کو سنا اور سراہا جا سکے۔ اہل قلم کے لیے بین الصوبائی اقامتی منصوبہ محض ایک پروگرام نہیں بلکہ پاکستان میں ادبی انصاف، تخلیقی مساوات اور فکری ہم آہنگی کی طرف ایک مضبوط قدم ہے۔ اگر اس سوچ کو تسلسل کے ساتھ آگے بڑھایا گیا تو یقیناً وہ دن دور نہیں جب ہمارے قومی ادب میں وہ تمام رنگ پوری آب وتاب کے ساتھ نمایاں ہوں گے جو اب تک حاشیوں میں بکھرے ہوئے ہیں اور یہی اس منصوبے کی سب سے بڑی کامیابی ہے۔

پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ خاقان وحید خواجہ نے صحافیوں سے ملاقات میں پارٹی کے مشن، ہیلتھ کارڈ پروگرام، نوجوانوں کی ہنرمندی اور عوامی خدمت کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی۔ ملاقات کے دوران خاقان وحید خواجہ نے کہا کہ پاکستان عوامی قوت پارٹی صرف ایک سیاسی جماعت نہیں بلکہ ایک وسیع تر عوامی تحریک ہے جس کا مقصد پاکستان کو ایک مضبوط، خودانحصار، صحت مند اور باوقار معاشرہ بنانا ہے۔ پارٹی کا وژن ہے کہ ہر فرد کو تعلیم، صحت اور روزگار کے مواقع دستیاب ہوں، اور ہر شہری اپنے حقوق سے باخبر ہو۔

انہوں نے بتایا کہ وہ جو کام اقتدار میں آ کر کرنا چاہتے تھے، وہ اب عوامی سطح پر شروع کر چکے ہیں، اور پارٹی عوام کے مسائل کا مستقل حل فراہم کرنے کے لیے مسلسل کوشاں ہے۔ گزشتہ دو سالوں کے دوران عوامی ہیلتھ کارڈ کے تحت ہزاروں لوگوں کو علاج معالجے کی سہولت فراہم کی جا چکی ہے، اور پیچیدہ بیماریوں اور مشکل حالات میں بھی مریضوں کو مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے، یہی پارٹی کی اولین ترجیح ہے۔

خاقان وحید خواجہ نے کہا کہ راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہسپتال میں عوامی ہیلتھ کارڈ کے ذریعے علاج مفت مل رہا ہے، جس سے نہ صرف صحت کے مسائل حل ہو رہے ہیں بلکہ عوام کی فلاح و بہبود میں بھی خاطر خواہ بہتری آ رہی ہے۔

انہوں نے مزید کہا کہ ان کا مشن صرف ایک حلقے یا شہر تک محدود نہیں، بلکہ وہ پورے پاکستان کو صحت مند، تعلیم یافتہ اور خودکفیل دیکھنا چاہتے ہیں۔ اسی لئے نوجوانوں کے لئے ای کامرس اور ڈیجیٹل مارکیٹنگ کے مفت کورسز ترتیب دیے گئے ہیں، جن کی بدولت نوجوان آج ماہانہ دو لاکھ روپے تک کما رہے ہیں۔

خاقان وحید خواجہ نے زور دیا کہ پاکستان عوامی قوت پارٹی کی بنیاد انسانی، سماجی اور معاشی ترقی پر رکھی گئی ہے، جس کا مقصد ایک خودمختار معاشرہ بنانا ہے جہاں عوام کو صرف وعدوں سے نہیں بلکہ حقیقی خدمات سے نوازا جائے۔

انہوں نے کہا میرا عزم ہے کہ پاکستان کے بچے تعلیم یافتہ، صحت مند اور خود کفیل ہوں، انہیں کبھی مالی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ہماری پارٹی صحت، تعلیم، ہنرمندی اور عوامی حقوق کے لیے مستقل جدوجہد کر رہی ہے۔

ملاقات میں صحافیوں کے وفد میں NEN کے ایڈیٹر یاسر زبیری، روزنامہ جاگو پاکستان کے چیف ایڈیٹر سردار نثار قسم، روزنامہ عوامی مشن کے چیف ایڈیٹر مدثر الیاس کیانی، روزنامہ شہید اسلام آباد کے ایڈیٹر انچیف اعجاز علی ساغر، روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی کے ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم، روزنامہ سپریم کے ایڈیٹر انچیف احمد ضمیر، محب پاکستان کے رپورٹر سعد اور دیگر نمائندے شامل تھے، جنہوں نے پارٹی کے اقدامات کو سراہا اور عوامی خدمت کی اس کاوش کو مستقبل میں مزید موثر بنانے کے لئے اپنے تعاون کا عندیہ دیا۔

بقیہ 1

کیا، مصدر ترکیہ کے لیے کہا کہ آج ہم اپنے بحری پلیٹ فارمز کی خدمت میں شوٹیت، پرچم کشیاں اور نئے ٹینکرز کی اینڈیاں تیار (سائے کی) کے تقریبات کے موقع پر یہاں موجود ہیں، پاکستان سے ترکیہ آنے والے مہمانوں اور مہمانوں کی بہت بڑی تعداد موجود ہے، میں کل یہاں سے ترکیہ آیا تھا اور آج صبح یہاں پہنچا ہوں، ترکیہ کے ساتھ ہمارے تعلقات 2018 میں اپنے پلیٹ فارمز پر جو اختلاف تھا، وہ بالکل درست ہو گیا ہے، ہم نے ترک ملک بلند کیا ہے، ہم نے ترک ملک بلند کیا ہے، ہم نے ترک ملک بلند ک

پاکستان ہمارا سچا اور کھرا اتحادی ملک ہے، ترک صدر

2028 تک 11 ارب ڈالر کی برآمدات کے ساتھ دنیا کے اولین دس ممالک میں شامل ہونا ہمارا واضح ہدف ہے

ترکیہ اور پاکستان کی دوستی، جس کی جڑیں مشترکہ تاریخ میں پیوست ہیں، اللہ کے حکم سے قیامت تک قائم رہے گی، طیب اردوان

انقرہ (این این آئی) صدر کیمبور نے ترکیہ دورے پر طیب اردوان کے کہا کہ 2028 کیلئے ہمارا ہدف ہے کہ دفاعی اور ہوابازی کی برآمدات میں 11 ارب ڈالر تک پہنچ کر دنیا کے اولین دس ممالک میں شامل ہوں، آج دنیا میں صرف دس ممالک ایسے ہیں جو ہائیر جیٹی بمبری جہاز خود تیار کرکے سمندر میں اتارنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، اور فخر کے ساتھ کہتا ہوں کہ ترکیہ ان میں شامل ہے۔ تقریب سے اپنی تقریر کے آغاز میں صدر اردوان نے پاکستان سے تعریف لانے والے اعلیٰ سطحی وفود اور دفاعی صنعت سے وابستہ نمائندوں کو خوش آمدید (نیتہ نمبر 1)

راولپنڈی ، تھانہ نصیر آباد پولیس کی بڑی کاروائی

ڈکیتی اور موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 3 رکنی گینگ گرفتار

راولپنڈی (این این ایس) تھانہ نصیر آباد پولیس کی بڑی کاروائی، ڈکیتی اور موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 3 رکنی گینگ گرفتار، مسروقہ موٹر سائیکل، 4 موبائل فون، پسٹل 1 لاکھ 88 ہزار روپے، 4 موبائل فون، لیپ ٹاپ، ایل ای ڈی، آئیلٹس بیجز اور اسلحہ برآمد، زیر حراست افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے (نیتہ نمبر 2)

تھانہ نصیر آباد پولیس کی کارروائی کے دوران چوری کی وارداتوں میں ملوث 3 رکنی گینگ سے برآمد ہونے والی کار اور مسروقہ قلفی، اسلحہ و موٹر سائیکلز

بھارت میں لوگ انہیں کرائے پر رہائش دینے کیلئے بھی تیار نہیں

وزیر دفاع خواجہ آصف کی جاوید اختر سے متعلق طنزیہ پوسٹ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر بھارتی مصنف اور شاعر جاوید اختر سے متعلق طنزیہ پوسٹ کی ہے۔ خواجہ آصف کی پوسٹ میں شامل ویڈیو کلپ عدالت میں ہوئے ایک مباحثے کا ہے جس میں ایک (نیتہ نمبر 4)

شادی میں ہزاروں روپے کے جعلی نوٹ دیے جانے کا انکشاف

تحائف کی وصولی کے لیے گیٹ پر موجود افراد کو جعلی نوٹ دیے گئے

حیدر آباد (این این آئی) کوٹری میں شادی کی ایک تقریب کے دوران جعلی کرنسی نوٹ تھما دیے ۔واقعہ ہاؤسنگ کالونی کے قریب منعقدہ شادی کی تقریب میں پیش آیا، جہاں تحائف کی وصولی کیلئے گیٹ پر موجود افراد کو جعلی نوٹ دیے گئے ۔ذرائع کے مطابق نکاح کرنے کے اختتام پر جب تحائف کی ملے دلی تو ٹم کی تو پانچ ہزار روپے مالیت کے جھوٹی (نیتہ نمبر 6)

راولپنڈی پولیس کی ڈکیتی موٹر سائیکل چوری و دیگر چوری کی وارداتوں میں ملوث گینگز کے خلاف کارروائیاں، مسروقہ

ڈکیتی موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث گینگ کیخلاف کارروائیاں

5 گینگز کے 10 افراد گرفتار، مسروقہ وچھینے گئے 16 موٹر سائیکل، چھینے ہوئے موبائل فونز کی فروخت سے حاصل ہونے والی رقم 46 ہزار روپے

گیس کا میٹر، بیٹری اور اسلحہ برآمد، رند امرال پولیس نے تین گینگز کے 06 افراد کو گرفتار کر کے 07 مسروقہ موٹر سائیکل و چھینے گئے 16 موٹر سائیکل، چھینے ہوئے موبائل فونز کی فروخت سے حاصل ہونے والی رقم 46 ہزار روپے، گیس کا میٹر، بیٹری اور اسلحہ برآمد کیا ، سیدوھائی پولیس (نیتہ نمبر 7)

راولپنڈی (این این ایس) راول ڈویژن پولیس کی ڈکیتی و موٹر سائیکل چوری و دیگر چوری کی وارداتوں میں ملوث گینگز کے خلاف کارروائیاں، 5 گینگز کے 10 افراد گرفتار، مسروقہ و چھینے گئے 10 موٹر سائیکل، چھینے ہوئے موبائل فونز کی فروخت سے حاصل ہونے والی رقم 46 ہزار روپے، گیس کا میٹر، بیٹری اور اسلحہ برآمد، مدنر مکفلت (نیتہ نمبر 8)

صدر زرداری کا دورانِ پرواز ایران سے اظہار یکجہتی

خطے میں باہمی احترام، امن اور دوطرفہ تعلقات کے فروغ پر زور دیا

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے عراق جاتے ہوئے دورانِ پرواز برادر اسلامی ملک ایران سے یکجہتی کا اظہار کیا۔ایوان صدر کے پریس وِنگ سے جاری بیان کے مطابق اسلام آباد سے بغداد جاتے ہوئے جب صدر مملکت آصف علی زرداری نے ایران کے صدر مسعود پزشکیان سے ٹیلی فون پر رابطہ کیا تو انہوں نے ایران کے موجودہ حالات پر تشویش ظاہر کی اور کہا کہ پاکستان اور ایران کے درمیان گہرے برادرانہ تعلقات ہیں جو خطے کے امن و استحکام کے لیے اہم ہیں۔ صدر زرداری نے کہا کہ پاکستان ایران کے ساتھ کھڑا ہے اور ہر ممکن مدد کرنے کو تیار ہے۔یہ پیغام ایرانی سپریم لیڈر اور صدر ایران کے نام ارسال کیا گیا ۔صدر مملکت (نیتہ نمبر 8)

واٹر ٹینکر نے ایک اور موٹر سائیکل سوار سے جینے کا حق چھین لیا

متوفی کی شناخت اور فرار ہونے والے ڈرائیور کی گرفتاری کے لیے کوششیں کی جارہی ہیں

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں واٹر ٹینکر نے ایک اور موٹر سائیکل سوار سے جینے کا حق چھین لیا جہاں سائٹ ایریا سبیہ بیگ چورنگی کے قریب واٹر ٹینکر نے موٹر سائیکل سوار کو کچل دیا جس کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی دم توڑ گیا۔ رمکیو حکام نے بتایا کہ واٹر ٹینکر کے پہیے سے جاں بحق شخص کی لاش ایدھی کے رضا کاروں نے جائے حادثہ کارروائی کے لیے عباسی شہید اسپتال منتقل کی۔ رمکیو حکام نے بتایا کہ فوری طور پر متوفی کی شناخت نہیں ہو سکی (نیتہ نمبر 10)

فائرنگ کے واقعات میں نوجوان لڑکی سمیت 4 افراد زخمی

زخمیوں کو طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا، رمیکیو حکام

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے مختلف علاقوں میں فائرنگ کے واقعات میں نوجوان لڑکی سمیت 4 افراد زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق اورنگی ٹاؤن کے علاقے سکنر سرائے کیماڑی، رکس امروہی کوٹھہ کے قریب فائرنگ کے واقعات میں زخمی ہوئی جنہیں فوری طبی امداد کے لیے عباسی شہید اسپتال لیجایا گیا جہاں اس کی شناخت 17 سالہ نمبہ (نیتہ نمبر 11)

غیر قانونی و غیر مجاز تعمیرات پر زیرو ٹالرنس پالیسی سے ہے،

،غیر قانونی انفراسٹرکچر ہٹا دیا گیا، ڈی جی آر ڈی اے کنزہ مرتضی

آر ڈی اے کا غیر قانونی ہاؤسنگ سکیم قائم سیٹلمنٹ کیخلاف آپریشن، سائٹ آفس مسمار، غیر قانونی انفراسٹرکچر ختم ،بند راستے بحال

راولپنڈی (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل راولپنڈی ڈیولپمنٹ اتھارٹی کنزہ مرتضی کی ہدایات پر آر ڈی اے انفورسمنٹ اسکواڈ نے موضع اڈیالہ، اڈیالہ روڈ، راولپنڈی میں واقع غیر قانونی ہاؤسنگ سکیم قائم سیٹلمنٹ کے خلاف جامع آپریشن کیا۔ آپریشن کے دوران اس غیر قانونی ہاؤسنگ سکیم کے ساتھ آفس کو مسمار کر دیا گیا، غیر قانونی انفراسٹرکچر ہٹا دیا گیا جبکہ ناجائز طور پر بند کیے گئے راستوں اور رسائی سڑکوں کو بحال کر دیا گیا۔ انفورسمنٹ اسکواڈ نے ڈیولپر کو خود ہی غیر قانونی تعمیرات کو ختم کرنے کی ہدایت کی تاکہ مزید کارروائی سے بچا جا سکے، ڈیولپر کو خود ہی تعمیرات کو ختم کرنے کی ہدایت کی گئی۔ کارروائی کے دوران 1100 لیٹر غیر قانونی دودھ ضائع کیا گیا جبکہ 8 سپلائر زیر مجموعی طور پر 1 لاکھ 5 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ دودھ کے 2 سیمپل لیبارٹری ٹیسٹ کے لیے بھی بھیجے گئے۔

دودھ فراڈ مافیا کے خلاف کریک ڈاؤن، 6 ملک شاپس بند

پاکستان مسلم لیگ (ن) لاہور کے صدر سید فیصل اطاوکے کو کمرا اپنے چلتے میں ٹرک پر کا افتتاح کر رہے ہیں

لاہور (اے ایف پی) لاہور میں دودھ فراڈ مافیا کے خلاف فوڈ اتھارٹی کی جانب سے سخت کارروائی کی گئی، جس کے دوران 6 شاپس اور ملاوٹی دودھ فروخت کرنے پر 6 ملک شاپس کو بند کر دیا گیا۔ دا ٹھل راستوں پر کڑی ناکہ بندی کی دوران تقریباً 2 لاکھ لیٹر دودھ کی چیکنگ کی گئی۔ کارروائی کے دوران 1100 لیٹر ملاوٹی دودھ ضائع کیا گیا جبکہ 8 سپلائر زیر مجموعی طور پر 1 لاکھ 5 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ دودھ کے 2 سیمپل لیبارٹری ٹیسٹ کے لیے بھی بھیجے گئے۔

تمام سولر صارفین کیلئے نیٹ میٹرنگ پالیسی تبدیل کرنے کا فیصلہ

سولر نیرف کا تعین نیپرا رگولیٹری کی ذمے داری ہے، صارفین کو اس سے زیادہ فرق نہیں پڑے گا، وزارت توانائی

نیٹ میٹرنگ پالیسی کو نیپرا سولر صارفین قوانین 2025 کا نام دیا گیا، اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کے بعد وزارت توانائی نے منظوری دیدی

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں تمام سولر ہولڈرز سے مشاورت کے بعد وزارت توانائی نے منظوری دے دی ہے۔ ذرائع کے مطابق نیٹ میٹرنگ سے نیٹ بلنگ کا نظام متعارف کروایا جا رہا ہے، صارفین سے سولر جنریٹر کی مدت 7 سال سے کم ہو کر 5 سال کردی گئی ہے۔ نیپرا کے ذرائع نے کہا کہ نیٹ میٹرنگ سے سولر صارفین کو نقصان نہیں پہنچے گا، نیپرا کے ذرائع کے مطابق نیٹ میٹرنگ کے تحت نیپرا سولر صارفین قوانین 2025 کا نام دیا گیا ہے، اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کے بعد وزارت توانائی نے منظوری دے دی ہے۔ ذرائع کے مطابق نیٹ میٹرنگ پالیسی تبدیل کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا، نیپرا کے ذرائع کے مطابق نیٹ میٹرنگ پالیسی کو نیپرا سولر صارفین قوانین 2025 کا نام دیا گیا، اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کے بعد وزارت توانائی نے منظوری دیدی

بیر دھوائی پولیس کی کارروائی میں برآمد ہونے والی مسروقہ موٹر سائیکل

موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ گرفتار

زیر حراست افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا

راولپنڈی (این این ایس) بیر دھوائی پولیس کی کارروائی، موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ گرفتار، 5 مسروقہ موٹر سائیکل برآمد، زیر حراست افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، عدالت کو ملزمان کی رہائی کی درخواست دے دی گئی۔ ذرائع کے مطابق گرفتار ملزمان کی شناخت ذیل میں ہے، 1 ملزم عمران کی شناخت کی گئی ہے، ملزم کی عمر 21 سال ہے، ملزم کے قبضہ سے 1 موٹر سائیکل برآمد کیا گیا ہے، ملزم کے خلاف بیر دھوائی پولیس کے پاس 3 مقدمات درج ہیں، ملزم کے خلاف 2 مقدمات تھانہ کینٹ اور 1 مقدمہ تھانہ صدر میں درج ہے، ملزم کے خلاف 2 مقدمات میں ملزم کو عدالت سے ضمانت مل چکی